حیدرآباد اور سانگھڑ زون کے کارکنان منظور احمد بلوچ اور ضیاء الدین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم حیدرآباد یونٹ 13-B کی کمیٹی کے رکن منظور احمد بلوچ اور ایم کیو ایم سانگھڑ زون کی یونٹ کمیٹی کے رکن ضیاء الدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے منظور احمد بلوچ اور ضیاء الدین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

ممتاز و مایہ ناز کرکٹر سرفراز نواز نے عمران خان کو ہتک عزت کا قانونی نوٹس دیدیا

قانونی نوٹس لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر بیلف کے ذریعے عمران خان کے حوالے کردیا گیا

لندن۔2 جون 2007ء

پاکستان کے ممتاز و مایہ ناز کرکٹر اور مسلم لیگ کے سینٹرل اسپورٹس ونگ کے پریزیڈینٹ سرفراز نواز نے برطانیہ کی ایک ممتاز قانونی فرم کارٹر رک (Carter Ruck) کے ذریعے ہتک عزت کا قانونی نوٹس دے دیا ہے۔سرفراز نواز کے لیٹر پیڈ پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق یہ قانونی نوٹس ہفتہ کولندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر بیلف (Bailiff) کے ذریعے عمران خان کے حوالے کردیا گیا۔اس قانونی نوٹس میں سرفراز نواز کے وکیل نے عمران خان کی جانب سے سرفراز نواز کے خلاف ٹی وی اور اخبارات میں ناشائستہ زبان استعمال کرنے پر سات دن کے اندر اندر معافی مانگنے کا نوٹس دیا ہے۔سات دن کے اندر قانونی نوٹس کا جواب نہ دینے اور معافی نہ مانگنے کی صورت میں عمران خان کو عدالت میں مقدمہ کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ایم کیو ایم حیدرآباد کی یونٹ کمیٹی رکن منظور احمد بلوچ انتقال کرگئے

نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم حیدرآباد کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

حیدرآباد۔۔۔2/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر B، یونٹ 13-A کی یونٹ کمیٹی رکن منظور احمد بلوچ ہفتہ کے روز کراچی میں علالت کے دوران انتقال کرگئے۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون)منظور احمد بلوچ دل کے عارضے میں مبتلا تھے اور گزشتہ روز کراچی کے مقامی ہسپتال میں ان کا بائی پاس ہوا تھا جس کے دوران وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔منظور احمد بلوچ مرحوم کی عمر 33 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ اور دو بچے سوگوار چھوڑے ہیں۔ دریں اثناء منظور احمد بلوچ مرحوم کو آج آہوں اور سسکیوں کے درمیان حیدرآباد میں ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ یوسی 13 سٹی مکرانی محلّہ میں واقع مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی، تعلقہ ناظم، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم حیدرآباد زون کی زونل کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم کے سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

سانگھڑ زون یونٹ سرہادی کے فنانس سیکریٹری ضیاء الدین حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے

ایم کیوایم سانگھڑ کی زونل کمیٹی کے ارکان اور کارکنان نے مرحوم کے گھر جا کر سوگواران سے تعزیت کی

سانگھڑ۔۔۔2/جون2007ء

متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون سرہادی یونٹ کے فنانس سیکریٹری ضیاء الدین ہفتے کے روز حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) ضیاء الدین مرحوم کی عمر35 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے ،ضیاء الدین مرحوم کے سوگواران میں چار بچے اور بیوہ شامل ہیں۔دریں اثناء ضیاء الدین مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان کرم خان جمالی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔علاوہ ازیں سانگھڑ زونل انچارج ودیگر اراکین زونل کمیٹی نے مرحوم کی رہائشگاہ جا کر سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کی اورمرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

منظور احمد بلوچ اور ضیاء الدین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔2/جون2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون یونٹ 13-A کی کمیٹی رکن منظور احمد بلوچ ،سانگھڑ زون سرہادی یونٹ کے فنانس سیکریٹری ضیاء الدین اورایم کیوایم نواب شاہ زون کے کارکن محمد معین کی والدہ بسم اللہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ
عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆